## TERMS &CONDITIONS GOVERNING THE ALLIED ISLAMIC ASAAN ACCOUNT

1. Allied Islamic Asaan Account shall be opened either in Current or Saving category in PKR only. Only one Allied Islamic Asaan Account (single or joint) can be opened in the bank against a single CNIC. Bank may refuse the opening of joint asaan account if one person is non-resident or a foreign national.
2. Allied Islamic Asaan Current Account is on the basis of Qardh and shall remain payable by the bank until paid. The account holder shall not be paid any profit as the account is non-remunerative based on Qardh.
3. Allied Islamic Asaan Saving Account is based on the principles of Mudarbah, where customer is the Rab-ul-Mal and the Bank is the Mudharib. The bank may invest or disinvest, at its sole discretion, amounts/deposits received from the Customers as it deems appropriate under the products / avenues approved by the Shariah Board of the bank as per policy.
4. Bank may commingle funds received from Account Holder(s) with other depositor's funds, including the Current deposits within the Mudarbah pool as and when required.
5. All Mudharbah based deposit categories shall be assigned Weightages. Weightages of every forth coming month / interval as decided by the bank shall be finalized and announced at least 03 working days before the start of the month / interval and sheet containing Weightages for the month shall be displayed at Customer Notice Board or Digital Signage Machine of Islamic banking branches/Islamic Banking Windows and website of the Bank. Weightages sheet shall also be provided to Customers on demand.
6. Bank shall share the profit (saving accounts only) with the customer on the basis of pre-determined Profit-Sharing Ratio announced with the weightages under the Bank's approved Policy for Deposit & Pool Management. Profit is subject to prevailing WHT deductions.
7. The Bank may at its discretion also participate in the Business as an investor.
8. The Bank, at its sole discretion and based on Profit/Loss from its operations /investments, shall determine the rate of profit to be paid to the customers either in semi-annually or any other interval prescribed by the Bank from time to time.
9. In the event of loss in case of Mudarabah based saving account, all investors/participants of the pool shall share the loss on a pro-rata basis in proportionate to their respective investment. However, in case, if loss is incurred by the gross negligence or willful default of the bank, the customer will not be liable to share in such loss.
10. Allied Islamic Asaan Account shall be restricted for cross border (outward) transactions and business transactions.
11. In case of incomplete information/ documentation, Bank may withhold operation/close the account.
12. Maximum credit balance and total debit per month is allowed in the account as per prevailing regulatory instructions.
13. There shall be no minimum balance requirement on Allied Islamic Asaan Account. Bank shall not recover any account maintenance charges / account closing processing charges from the account.
14. Zakat shall be deducted as per Zakat & Ushr Laws from Asaan Saving accounts. Declaration for exemption of Zakat will be registered with the Bank at least one month prior to the valuation date (i.e.1st Ramzan ul Mubarak).
15. In case the account holder requires financial services for higher than the specified transaction limits, account may be converted to regular account subject to completion of all applicable requirements.
16. Bank is obligated to dishonour the transactions in Allied Islamic Asaan Account in excess over specified maximum credit balance limit / per month debit turn over limit.
17. The Bank may accept cheques/ payment instruments for collection entirely at the Account Holder's own risk. Account Holder will indemnify the Bank as the collecting bank for all losses, costs and expenses and assumes full responsibility for the genuineness of payment instruments and endorsement(s).
18. No cheque bearing any cutting/ overwriting of an illiterate/photo account will be honoured. Bank places additional controls to safeguard the interests of illiterate/photo account holders and Account Holder(s) agrees to abide by all such controls and its amendments.
19. The Account Holder shall be solely responsible for any loss arising out of any fraudulent use of the lost/stolen cheque book or cheque leaf or payment instrument.
20. In case of operating instructions as "either or survivor" in a joint account, upon death of either of the Account Holders, credit balance in the Account will be paid to the surviving Account Holder(s) without any intimation to anyone and survivor in this regard will keep the Bank indemnified against any future claim. However, the liability of the joint Account Holders and their respective legal heirs shall always remain joint and several.
21. The balance in Account that is not operated during last ten (10) years shall be surrendered to SBP as **"UNCLAIMED DEPOSITS"**. Additionally, Account not operated at a stretch for a specified period, which is currently twelve months will be treated as "Dormant Account" and will be marked as debit block and will require Customer's specific request for activation as per approved procedure.
22. If the Account Holder's Account shows zero balance for a specified period (currently twelve months) as decided by the Bank, the Bank shall have the right to close the Account.
23. The Bank may debit any amount of the Account Holder maintained with the Bank for all expenses/losses incurred, suffered or sustained by the Bank, including penalties that may be imposed by SBP in connection with the opening/operations/maintenance of the Account and/or providing the Services and/or for any other banking service which the Bank may extend to the Account Holder.
24. The Account Holder has the responsibility to keep mailing address updated with the Bank. The Statement(s) of Account(s) will be sent through courier/post/ electronic mail entirely at the sole risk and responsibility of the Account Holder. Bank will not assume any responsibility for any mishandling, incorrect/delayed/non-delivery of Statements of Account(s), letters, instruments, documents etc due to any reason by Pakistan Post/courier company.
25. In the event of death of Account Holder(s), the credit balance in the Account will be paid to the legal heir(s) after obtaining Indemnity Bond/Succession Certificate, as per prevailing policy of the Bank.
26. The Bank reserves the right to close the Account, after serving advance written notice of seven days, if it is not being operated in a manner satisfactory to the Bank.
27. The Bank may transfer Account(s) of Account Holder to any of its Islamic Banking Branch/window and can close/ freeze at its sole discretion or at the instance of Court/Administrative Order without prior notice.
28. Account Holder authorizes the Bank to disclose information required by any court/ lawful authority under the law.
29. The Bank would not accept any liability on account of any error in its system or failure of electricity.
30. The Bank shall ensure that debit and credit entries are correctly recorded in all Accounts, but in case of any error, Bank shall be within its rights to rectify the error unilaterally and shall be authorized to recover any amount wrongly paid or credited together with accrued profit. The Bank shall not be liable for any loss or damage due to such errors and subsequent reversals.
31. In case the Account Holder leaves the country with intention of remaining abroad for six months or more in a year or after leaving the country remains abroad for more than six months, he/she shall immediately inform the Bank.
32. The Account Holder undertakes not to use his/her account for money laundering / terrorist activities/unlawful practices/purposes and sources of funds to be deposited in the account shall always be lawful. The Bank has right to reverse/block the amount/Account in case of suspicious or fraudulent transactions or transactions involving money laundering.
33. Any notice, intimation, demand or other communication sent to the Customer(s) by the Bank by mail /electronic mail/SMS to last known address / mobile No. registered with the Bank or through any other communication channel(s) shall be considered to have been duly delivered to Customer(s). In case of joint Account, notice/intimation to any one of the joint Account Holders shall be sufficient and the Bank will need not give separate notices to all joint Account Holders.
34. The Account Holder shall not hold the Bank liable if any of the Standing instructions of the Account Holder are not complied with due to any delay or cause(s) beyond reasonable control of the bank including force Majeure and/or subject to guidelines mentioned in Bank's manual.
35. Withdrawals from the account will be made through Debit Card/Cheque and Account Holder will be responsible for safe custody of debit card/cheque book at all times and will immediately intimate bank in case of lost.
36. The Bank's interpretation of these Terms and Conditions shall be binding on the Account Holder. Bank reserves its rights to unilaterally amend these Terms and Conditions at any time.
37. Deposits with Islamic Banking will not be allowed to mark as lien for facilitation of Shariah non-compliant or interest-based activity(ies) /facility(ies).
38. These Terms and Conditions are also issued in Urdu. In the event of any discrepancy or conflict between the interpretation of the provisions of such clauses against the Terms and Conditions stated above, the English version stated above shall prevail and be deemed to be authentic.

# الائیڈ اسلامی آسان اکاؤنٹ سے متعلق شرائط وضوابط

1۔ الائیڈ اسلامی آسان اکاؤنٹ کرنٹ یا سیونگ کیٹیگری میں صرف پاکستانی روپے (PKR) میں کھولا جائے گا۔ ایک کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر بینک میں صرف ایک الائیڈ اسلامی آسان اکاؤنٹ (انفرادی یا مشترکہ) کھولا جاسکتا ہے۔ اگر مشترکہ آسان اکاؤنٹ کھلوانے کے خواہش مند درخواست گزاران میں سے ایک شخص پاکستان کا مستقل رہائشی نہ ہو یا غیر ملکی شہری ہو تو بینک مشترکہ آسان اکاؤنٹ کھولنے سے انکار کرسکتا ہے۔

2۔ الائیڈ اسلامی آسان کرنٹ اکاؤنٹ قرض کی بنیاد پر کھولا جاتا ہے اور یہ قرض واپس ادا کیے جانے تک بینک کی جانب سے قابلِ ادائیگی رہے گا۔ اکاؤنٹ ہولڈر کو کوئی منافع نہیں دیا جائے گا کیونکہ یہ اکاؤنٹ قرض کی بنیاد پر نا قابلِ منافع ہے۔

3۔ الائیڈ اسلامی آسان سیونگ اکاؤنٹ مضاربہ کے اصولوں پر مبنی ہے، جس میں صارف رب المال اور بینک مضارب ہے۔ بینک اپنی صوابدید پر، صارفین سے موصول ہونے والی رقوم / ڈپازٹس کی ایسے طریق کار کے تحت سرمایہ کاری کرسکتا ہے یا سرمایہ کاری واپس اُٹھاسکتا ہے جسے وہ پالیسی کے مطابق بینک کے شریعہ بورڈ کی جانب سے منظور شدہ پراڈکٹس / طریقوں کے تحت مناسب سمجھے۔

4۔ بینک جب اور جہاں ضروری سمجھے اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈروں) سے موصول ہونے والے فنڈز کو دوسرے ڈپازٹروں کے فنڈز بشمول کرنٹ ڈپازٹس کے ساتھ مضاربہ کے مشترکہ سرمایہ فنڈ میں یکجا کرسکتا ہے۔

5۔ مضاربہ پر مبنی تمام ڈپازٹ کی کیٹیگریز کو تناسبات تفویض کیے جائیں گے۔ ہر اگلے مہینے یا بینک کی جانب سے طے کردہ مدت کے تناسبات کو حتمی شکل دی جائے گی اور اس کا اعلان مہینے / مدت کے آغاز سے کم سے کم 03 ایامِ کار سے پہلے کیا جائے گا اور مہینے کے تناسبات کی فہرست اسلامی بینکنگ برانچوں / اسلامی بینکنگ ونڈوز کے کسٹمر نوٹس بورڈ یا ڈیجیٹل سائنج مشین پر آویزاں اور ویب سائٹ پر شائع کی جائے گی۔ تناسبات کی فہرست صارفین کے تقاضا کرنے پر انھیں فراہم بھی کی جائے گی۔

6۔ بینک، بینک کی ڈپازٹ اور مشترکہ سرمایہ فنڈ کی مینجمنٹ کے لیے منظور شدہ پالیسی کے تحت پہلے سے طے شدہ منافع کی تقسیم کے تناسب کی بنیاد پر (صرف سیونگ اکاؤنٹس پر) منافع میں صارف کے ساتھ شراکت کرے گا۔ منافع مروّجہ وِدہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتیوں سے مشروط ہے۔

7۔ بینک اپنی صوبدید پر ایک سرمایہ کار کی حیثیت سے بھی کاروبار میں شراکت کرسکتا ہے۔

8۔ بینک، اپنی مطلق صوابدید پر اور اپنی سرگرمیوں / سرمایہ کاریوں سے منافع / نقصان کی بنیاد پر، ششماہی طور پر یا بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ کسی میعادی وقفے سے صارفین کو ادا کیے جانے والے منافع کی شرح کا تعین کرے گا۔

9۔ مضاربہ پر مبنی سیونگ اکاؤنٹ میں نقصان کی صورت میں، مشترکہ سرمایہ فنڈ کے تمام سرمایہ کار / شراکت دار اپنی انفرادی سرمایہ کاری کے تناسب سے حسب شرح نقصان میں حصہ دار ہوں گے۔ تاہم اگر نقصان بینک کی سنگین غفلت یا دانستہ طور پر عدم تعمیل کی وجہ سے ہوا ہے تو صارف ایسے نقصان میں حصہ دار بننے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

10۔ الائیڈ اسلامک آسان اکاؤنٹ کے ذریعے بین السرحدی (خارجی) اور کاروباری لین دین کی ممانعت ہوگی۔

11۔ بینک نامکمل معلومات / دستاویزات کی صورت میں اکاؤنٹ آپریشن روک سکتا ہے / اکاؤنٹ بند کرسکتا ہے۔

12۔ اکاؤنٹ میں زیادہ سے زیادہ کریڈٹ بیلنس اور ہر ماہ ٹوٹل ڈیبٹ کی اجازت مروّجہ انضباطی ہدایات کے مطابق ہوگی۔

13۔ الائیڈ اسلامک آسان اکاؤنٹ پر اکاؤنٹ میں کم سے کم بیلنس رکھنے کی شرط عائد نہیں ہوگی۔ بینک، اکاؤنٹ سے اکاؤنٹ مینٹیننس چارجز / اکاؤنٹ بند کرنے کے پروسیسنگ چارجز وصول نہیں کرے گا۔

14۔ آسان سیونگ اکاؤنٹ سے زکوٰۃ کی کٹوتی زکوٰۃ اور عشر کے قوانین کے مطابق کی جائے گی۔ بینک میں زکوٰۃ سے استثنا کے اقرار نامہ کا اندراج تخمینہ مالیت کی تاریخ (یعنی یکم رمضان المبارک) سے کم از کم ایک ماہ قبل کرایا جائے گا۔

15۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر کو لین دین کی مقررہ حد سے زیادہ مالیت کی خدمات درکار ہوں تو اکاؤنٹ کو تمام قابلِ اطلاق تقاضوں کی تکمیل کے بعد ریگولر اکاؤنٹ میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

16۔ بینک الائیڈ اسلامک آسان اکاؤنٹ میں لین دین کی متعیّنہ زیادہ سے زیادہ کریڈٹ بیلنس کی حد / ماہانہ ڈیبٹ ٹرن اوور کی حد سے زیادہ مالیت کی ٹرانزیکشنز کی ادائیگی نہ کرنے کا مجاز ہے۔

17۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کی مکمل ذمہ داری پر وصولی کے لیے چیک / پیمنٹ انسٹرومنٹس قبول کرتا ہے۔ اکاؤنٹ ہولڈر بینک کو وصول کار بینک کے طور پر ہونے والے تمام نقصانات، لاگتوں اور اخراجات کے لیے معاوضہ ادا کرے گا اور پیمنٹ انسٹرومنٹس اور اُن پر موجود اینڈورسمینٹس کے اصل ہونے کی مکمل ذمہ داری قبول کرتا ہے۔

18۔ کسی ناخواندہ / فوٹو اکاؤنٹ کے کٹنگ / اوور رائٹنگ والے چیک کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ بینک نے ناخواندہ / فوٹو اکاؤنٹ ہولڈروں کے مفادات کے تحفّظ کے لیے اضافی حفاظتی تدابیر اختیار کررکھی ہیں اور اکاؤنٹ ہولڈر / اکاؤنٹ ہولڈرز ایسی تمام حفاظتی تدابیر اور اُن میں کی جانے والی ترامیم کی پابندی کرنے کا اقرار کرتا ہے / کرتے ہیں۔

19۔ گُم شُدہ / چوری شدہ چیک بک یا چیک یا پیمنٹ انسٹرومنٹ کے دھوکہ دہی سے استعمال کیے جانے سے ہونے والے کسی بھی نقصان کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر کُلی طور پر ذمہ دار ہوگا۔

20۔ مشترکہ اکاؤنٹ کے انضباط کی ہدایات کے 'کوئی بھی یا باقی ماندہ (Either or Survivor)' ہونے کی صورت میں کسی بھی اکاؤنٹ ہولڈر (اکاؤنٹ ہولڈروں) کی موت واقع ہونے پر، اکاؤنٹ میں کریڈٹ بیلنس کسی کو اطلاع دیے بغیر باقی ماندہ اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈروں) کو ادا کردیا جائے گا اور باقی ماندہ اکاؤنٹ ہولڈر اس حوالے سے بینک کے خلاف مستقبل کے کسی دعویٰ کے لیے بینک کو مستثنیٰ رکھیں گے۔ تاہم، مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈروں اور ان کے متعلقہ قانونی ورثاء کی ذمہ داری ہمیشہ مشترکہ اور انفرادی طور پر رہے گی۔

21۔ پچھلے دس (10) سالوں کے دوران کسی بھی غیر فعال اکاؤنٹ میں موجود بیلنس کو **"غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس"** کے طور پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کردیا جائے گا۔ مزید برآں، کوئی اکاؤنٹ جو بینک کی طے کردہ ایک مخصوص مدت جو کہ فی الوقت بارہ ماہ ہے، کے لیے مسلسل غیر فعال رہتا ہے اسے "غیر فعال اکاؤنٹ" سمجھا جائے گا اور اسے ڈیبٹ بلاک کردیا جائے گا اور اسے دوبارہ فعال کرنے کے لیے منظور شدہ طریقِ کار کے مطابق صارف کی جانب سے مخصوص درخواست درکار ہوگی۔

22۔ اگر بینک کی طے کردہ ایک مخصوص مدت (فی الوقت بارہ ماہ) کے لیے صارف کا اکاؤنٹ بیلنس صفر رہتا ہے تو بینک کو اکاؤنٹ بند کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

23۔ بینک، بینک کی جانب سے کیے جانے والے، برداشت کیے جانے والے اور مستقل طور پر برقرار رکھے جانے والے تمام اخراجات / نقصانات بشمول اکاؤنٹ کھولنے / فعال رکھنے / باقاعدہ رکھنے اور / یا خدمات فراہم کرنے اور / یا اکاؤنٹ ہولڈر کو دی گئی دیگر بینکاری خدمات کے سلسلے میں سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے عائد کیے جانے والے جُرمانوں کے لیے بینک کے پاس موجود صارف کے اکاؤنٹ سے کسی بھی رقم کو ڈیبٹ کرسکتا ہے۔

24۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنا موجودہ پتہ بینک کے ریکارڈ میں باقاعدہ رکھے۔ اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کی سٹیٹمنٹ یا سٹیٹمنٹس کوریئر / پوسٹ / الیکٹرانک میل کے ذریعے صارف کی کُلی ذمہ داری اور رِسک پر بھیجی جائیں گی۔ بینک پاکستان پوسٹ / کوریئر کمپنی کی جانب سے کسی بھی وجہ سے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کی سٹیٹمنٹس، مراسلات، دستاویزات، انسٹرومنٹس وغیرہ کی بدانتظامی، غلط ترسیل، تاخیر سے ترسیل یا عدم ترسیل کے لیے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

25۔ اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈروں) کی موت کی صورت میں اکاؤنٹ میں باقی رقم، بینک کی مروّجہ پالیسی کے مطابق انڈیمنٹی بانڈ / جانشینی کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے بعد متوفی اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈروں) کے قانونی ورثاء کو قابلِ ادا ہوگی۔

26۔ اگر کوئی اکاؤنٹ بینک کے اطمینان کے مطابق احسن انداز سے نہیں چلایا جارہا تو بینک سات دن کے پیشگی تحریری نوٹس کے بعد مذکورہ اکاؤنٹ بند کرسکتا ہے۔

27۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کو اپنی کسی بھی اسلامی برانچ / ونڈو میں منتقل کرسکتا ہے اور اپنی مطلق صوابدید پر یا عدالتی / انتظامی حکم کی صورت میں پیشگی نوٹس کے بغیر بند / منجمد کرسکتا ہے۔

28۔ اکاؤنٹ ہولڈر بینک کو قانون کے تحت کسی بھی عدالت / قانونی اتھارٹی کو درکار معلومات فراہم کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

29۔ بینک اپنے سسٹم میں کسی نقص یا بجلی کی خرابی کی وجہ سے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

30۔ بینک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام اکاونٹس میں ڈیبٹ اور کریڈٹ کے اندراجات کو درست طریقے سے درج کیا گیا ہے، تاہم کسی بھی غلطی کی صورت میں بینک کو یکطرفہ طور پر غلطی کی تصحیح کا حق حاصل ہوگا اور وہ واجب الوصول سود، مارک اپ یا منافع سمیت کسی بھی ایسی رقم کی وصولی کا مجاز ہوگا جو غلطی سے ادا یا کریڈٹ کردی گئی ہو۔ اس طرح کی غلطیوں اور ان کے نتیجے میں ہونے والی تصحیحات کی وجہ سے بینک کسی نقصان یا ہرجانے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

31۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر ایک سال میں چھ ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ کے لیے بیرون ملک رہنے کی نیت سے ملک چھوڑتا / چھوڑتی ہے یا ملک چھوڑنے کے بعد چھ ماہ سے زیادہ عرصہ بیرونِ ملک رہتا / رہتی ہے، تو وہ فوری طور پر بینک کو مطلع کرے گا / گی۔

32۔ اکاؤنٹ ہولڈر اقرار کرتا / کرتی ہے کہ وہ اپنے اکاؤنٹ کو منی لانڈرنگ / دہشت گردی کی سرگرمیوں / غیر قانونی طریق ہائے عمل / مقاصد کے لیے استعمال نہیں کرے گا / گی اور اکاؤنٹ میں جمع کرائے جانے والے فنڈز کے ذرائع ہمیشہ قانونی ہوں گے۔ مشکوک یا دھوکہ دہی پر مبنی لین دین یا منی لانڈرنگ سے متعلق لین دین کی صورت میں بینک کو رقم واپس کرنے / اکاؤنٹ بند کرنے کا حق حاصل ہے۔

33۔ بینک کی جانب سے صارف (صارفین) کو بذریعہ ڈاک / الیکٹرانک میل / ایس ایم ایس بینک کے ریکارڈ میں موجود صارف کے آخری رابطہ کے پتہ / موبائل نمبر پر یا کسی دیگر مواصلاتی ذریعہ سے بھیجا گیا کوئی نوٹس، اطلاع، مطالبہ یا دیگر مُراسلت صارف (صارفین) کو باضابطہ طور پر موصول شدہ متصور ہوگی۔ مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں، مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈروں میں سے کسی ایک کو نوٹس / اطلاع کافی ہوگی اور بینک تمام مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈروں کو علیحدہ نوٹس نہیں بھیجے گا۔

34۔ بینک اگر اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے دی گئی جاری ہدایات پر ناگہانی حالات / آسمانی آفات یا / اور بینک کے دستور العمل میں مذکور وجوہات کے باعث عمل نہ کرسکے تو اکاؤنٹ ہولڈر بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرائے گا۔

35۔ اکاؤنٹ سے رقوم ڈیبٹ کارڈ / چیک کے ذریعے نکالی جاسکتی ہیں اور اکاؤنٹ ہولڈر ڈیبٹ کارڈ / چیک بک کو ہر وقت محفوظ تحویل میں رکھنے کا ذمہ دار ہوگا / گی اور ڈیبٹ کارڈ / چیک بک گم ہونے کی صورت میں فوری طور پر بینک کو مطلع کرے گا / گی۔

36۔ بینک کی جانب سے ان شرائط وضوابط کی تشریح اکاؤنٹ ہولڈر کے لیے واجب التعمیل ہوگی۔ بینک کسی بھی وقت یکطرفہ طور پر ان شرائط وضوابط میں ترمیم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

37۔ اسلامک بینکنگ کے پاس جمع شدہ ڈپازٹس کو شریعہ کی عدم تعمیل یا سود پر مبنی سرگرمی (سرگرمیوں) / سہولت (سہولتوں) کی تسہیل کے لیے بطور استحقاق تصور کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

38۔ یہ شرائط وضوابط انگریزی میں بھی جاری کی گئی ہیں۔ مذکورہ بالا شرائط وضوابط اور ان شقوں کی دفعات کی تشریح کے درمیان کوئی تضاد یا تصادم کی صورت میں انگریزی میں تحریر کردہ شرائط وضوابط کو فوقیت حاصل ہوگی اور انھیں مستند سمجھا جائے گا۔